**Regional Urdu Text Bulletin, Chhatrapati Sambhajinagar**

Date : 25 April 2024

Time : 09.00 to 09.10 AM

# آکاشوانی چھترپتی سنبھاجی نگر

## علاقائی خبریں

تاریخ : ۲۵/ اپریل ۲۰۲۴ء

وقت : صبح ۹.۰۰ سے ۹.۱۰ بجے

**پہلے خاص خبروں کی سرخیاں ...**

☆ **پارلیمانی انتخابات کے دوسرے مرحلے کی تشہیر کا زور ختم ' کل رائے دہی**

☆ **چوتھے مرحلے میں ہونے والے انتخاب کے لیے پرچہ نامزدگی داخل کرنے کا آج آخری دن' اورنگ آباد لوک سبھا حلقے سے ایم آئی ایم کے سید امتیاز جلیل ' جالنہ حلقے سے مہا وکاس آگھاڑی کے کلیان کاڑے اور بیڑ حلقے سے مہایوتی کی امیدوار پنکجا منڈے کے کاغذاتِ نامزدگی داخل**

☆ **الیکٹرانک ووٹنگ مشینوں کی بجائے دوبارہ بیلیٹ پیپر کے استعمال سے عدالتِ عظمیٰ کا انکار**

☆ **آن لائن اور موبائل بینکنگ کے ذریعے نئے گاہک نہ بنانے کی ریزرو بینک کی کوٹک مہندرا بینک کو ہدایت**

**اور**

☆ **اِس بار کا لتا دینا ناتھ منگیشکر ایوارڈ معروف اداکار امیتابھ بچن کو تفویض**

**اب خبریں تفصیل سے...**

لوک سبھا انتخابات کے دوسرے مرحلہ کی تشہیر کل ختم ہوگئی ۔ اِس مرحلہ میں تیرہ ریاستیں اور مرکز کے زیرِ انتظام علاقوں کے 88/لوک سبھا حلقوں میں کل رائے دہی ہوگی ۔جن میں ریاست کے ناندیڑ ' پربھنی ' ہنگولی ' بلڈھانہ ' امراوتی ' اکولہ ' وردھا ' ایوت محل- واشم شامل ہیں ۔ اِن 8/لوک سبھا حلقوں میں تقریباً 16/ ہزار 589/ رائے دہی مراکز ہیں ۔امراوتی ' ہنگولی اور پربھنی میں 30/ سے زائد امیدوار میدان میں ہیں جس کی وجہ سے اِن مقامات پر رائے دہی مشین کے ساتھ 3/ بیلیٹ یونٹ ہوں گے ۔

اکولہ میں ایک جبکہ باقی حلقوں میں ہر ایک میں 2 / بیلیٹ یونٹ استعمال کیے جائیں گے۔ ریاست کے چیف الیکشن کمشنر ایس چوک لنگم نے کل ممبئی میں نامہ نگاروں کو یہ اطلاع دی۔ اِن تمام حلقوں میں ایک کروڑ 49 / لاکھ سے زائد رائے دہندوں کا اندراج ہو چکا ہے اور 14 / ہزار 612 / افراد نے گھر سے رائے دہی کرنے کی اطلاع چوک لنگم نے دی۔

دریں اثناء اِن تمام حلقوں میں کل تشہیری مہم کے آخری دن تمام ہی پارٹیوں کے اہم لیڈر اپنے اپنے امیدواروں کی تشہیری مہم میں حصہ لیتے دکھائی دیے۔

امراوتی میں مہا یوتی کی امیدوار نونیت رانا کی انتخابی تشہیر کے لیے بی جے پی کے سینئر لیڈر مرکزی وزیر داخلہ امِت شاہ نے اجلاس سے خطاب کیا۔ بی جے پی لیڈر اور نائب وزیر اعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے وردھا ضلعے کے پُل گاؤں میں مہا یوتی کے امیدوار رام داس تڑس کی تشہیری مہم میں اجلاس سے خطاب کیا۔

***** ***** *****

کانگریس لیڈر راہل گاندھی نے بھی امراوتی میں مہا وِکاس آگھاڑی کے امیدوار بڑوَنت وانکھیڈے کی انتخابی تشہیر جبکہ شولا پور میں مہا وِکاس آگھاڑی کی امیدوار پرنیتی شندے کی انتخابی تشہیر میں شرکت کی۔

***** ***** *****

وزیر اعلیٰ و شیوسینا لیڈر ایکناتھ شندے نے ہنگولی ضلعے کے بسمت میں مہا یوتی کے امیدوار بابوراؤ کدم کوہلی کر کی انتخابی تشہیر میں شرکت کی۔ واشم - ایوت محل انتخابی حلقہ کی امیدوار راج شری پاٹل کی انتخابی تشہیر میں شندے نے واشم میں روڈ شو میں شرکت کی۔

شیوسینا اُدھو بالا صاحب ٹھاکرے گروپ کے لیڈر اُدھو ٹھاکرے نے مہا وکاس آگھاڑی کے ہنگولی کے امیدوار ناگیش آشٹی کر کے لیے کل ناندیڑ ضلع کے ہدگاؤں میں جبکہ ناندیڑ کے مہا وِکاس آگھاڑی کے امیدوار وسنت راؤ چوہان کی تشہیر میں بھوکر میں اجلاس سے خطاب کیا۔

***** ***** *****

لوک سبھا الیکشن کے چوتھے مرحلے کی امیدواری عرضی داخل کرنے کی مدت آج ختم ہو رہی ہے۔کل درخواستوں کی چھان بین ہوگی جبکہ 29 ؍تاریخ تک درخواست واپس لی جا سکے گی۔ اِس مرحلہ میں ریاست کے اورنگ آباد ' جالنہ ' بیڑ ' نندوربار ' جلگاؤں ' راویر ' ماول ' پونہ ' شِرور ' احمدنگر اور شرڈی حلقے شامل ہیں۔

اورنگ آباد لوک سبھا حلقے کے لیے کل 8 ؍امیدواروں نے عرضی داخل کی۔ایم آئی ایم پارٹی کے موجودہ رکن پارلیمان سید امتیاز جلیل نے امیدواری عرض داخل کی۔بہوجن سماج پارٹی کے سنجئے جگتاپ ' آزاد امیدوار جے کے جادھو سمیت 8 ؍افراد نے کل امیدواری عرضی داخل کی ۔اِن حلقوں میں اب تک 28 ؍امیدواروں نے 41 ؍نامزدگی پرچے داخل کیے ہیں۔

***** ***** *****

اورنگ آباد لوک سبھا حلقہ سے الیکشن نہ لڑنے کی اطلاع کل ونود پاٹل نے صحافتی کانفرنس میں دی۔

دریں اثناء سندیپان بھومرے کو مہایوتی کی جانب سے اے بی فارم دیا گیا ہے اور آج وہ پرچہ داخل کریں گے۔ونچت بہوجن آگھاڑی کے امیدوار افسر خان نے آج بطور آزاد امیدوار عرضی داخل کرنے کی اطلاع دی۔

***** ***** *****

جالنہ لوک سبھا حلقہ سے مہا وِکاس آگھاڑی کے امیدوار کلیان کاڑے نے کل پرچہ داخل کیا۔اِس حلقہ میں دیگر سات امیدواروں نے بھی کل پرچے داخل کیے۔ جالنہ حلقہ میں اب تک 102 ؍افراد نے 234 ؍امیدواری پرچے حاصل کیے ہیں۔ مرکزی وزیر مملکت راؤ صاحب دانوے نے کل جالنہ شہر سے انتخابی ریلی نکالی میونسپل کارپوریشن گراؤنڈ پر ایک اجلاس میں یہ ریلی تبدیل ہوگئی۔

بیڑ لوک سبھا حلقہ سے مہایوتی کی امیدوار پنکجا منڈے نے کل امیدواری عرضی داخل کی بیڑ میں کل 9 ؍امیدواروں نے 16 ؍پرچے حاصل کیے۔

***** ***** *****

سپریم کورٹ نے الیکٹرانک ووٹنگ مشین کے بجائے کاغذی بیلیٹ کے دوبارہ استعمال سے اختلاف کیا ہے۔ EVM پر ووٹوں کی گنتی VVPAT کی رسیدوں کی مکمل تصدیق سے متعلق درخواست پر کل سماعت میں عدالت نے الیکٹرانک ووٹنگ مشینوں کے کام کاج اور سیکوریٹی کے بارے میں تفصیلی جانکاری لی اور اِس سلسلہ میں فیصلہ محفوظ کر لیا۔ الیکشن کمیشن نے واضح کیا کہ ووٹنگ مشین میں ردوبدل ممکن نہیں۔ کمیشن نے کہا کہ ہر اسمبلی حلقہ میں کسی بھی پانچ VVPAT مشینوں سے ووٹنگ کی رسیدوں کی متعلقہ ووٹنگ مشینوں کے ریکارڈ کے ساتھ تصدیق کی جارہی ہے۔

***** ***** *****

ریزروبینک آف انڈیا نے کوٹک مہیندرا بینک کو آن لائن یا موبائل بینکنگ کے ذریعے نئے صارفین کو شامل کرنے سے منع کردیا ہے۔ ریزروبینک نے مسلسل 2 ؍سالوں تک کوٹک مہندرا بینک کے انفارمیشن ٹیکنالوجی کے بنیادی ڈھانچہ کی جانچ کی ہے اور اِس میں غلطی پائے جانے پر یہ احکامات دیے۔ اِس بینک کو نئے کریڈٹ کارٹ دینے سے بھی منع کیا گیا ہے۔ یہ پابندی اگلے حکم تک برقرار رہے گی جبکہ کوٹک مہندرا بینک موجود بینک اکاؤنٹ ہولڈر اور کریڈٹ کارڈ ہولڈر کو باقاعدہ خدمات فراہم کرسکے گا۔

***** ***** *****

ماسٹر دینا ناتھ منگیشکر میموریل فاؤنڈیشن کی جانب سے دیا جانے والا اِس سال کا لتا دینا ناتھ منگیشکر ایوارڈ کل سینئر اداکار امیتابھ بچن کو دیا گیا۔ ممبئی میں ہوئے پروگرام میں گلوکارہ اوشا منگیشکر کے ہاتھوں بچن کو یہ ایوارڈ دیا گیا۔ موسیقی کے میدان میں طویل خدمات پر موسیقار اے آر رحمٰن کو دینا ناتھ منگیشکر ایوارڈ دیا گیا۔ اِس موقع پر اشوک صراف فلم انڈسٹری میں طویل خدمات کے لیے پدمنی کولہاپورے ' رندیپ ہوڈا ' گلوکار روپ کمار راٹھوڑ ' فلم پروڈکشن کے لیے صحافی بھاؤ تورسیکر کو بھی اِس موقع پر اعزاز سے نوازا گیا۔

***** ***** *****

قومی پنچایت راج دن کے موقع پر کل چھترپتی سنبھاجی نگر میں ضلع پریشد کے ہال میں ایک روزہ ورکشاپ منعقد کیا گیا۔ سی ای او اور ضلع پریشد کے ایڈمنسٹریٹر وکاس مینا نے اپیل کی کہ ہر گرام پنچایت کو اختراعی سرگرمیاں نافذ کرکے شہرت حاصل کرنی چاہیے۔ ورکشاپ میں 41 رگرام پنچایتوں کے گرام سیوکوں ، گاؤں کے ترقیاتی افسران اور توسیعی افسران نے شرکت کی۔

***** ***** *****

رائے دہی کا فیصد بڑھانے کے لیے تمام مقامات پر انتظامیہ کوشش کر رہی ہے۔ چھترپتی سنبھاجی نگر کے ضلع کلکٹر اور ضلع الیکشن افسر دلیپ سوامی نے اپیل کی ہے کہ نئے رائے دہندوں کو رائے دہی کے لیے ترغیب دیں اور کالج کے طلباء کو رائے دہی بیداری مہم میں شامل کریں۔ کل ضلع کے تمام کالجوں کے پرنسپل اور اعلیٰ وتکنیکی تعلیم کے اعلیٰ افسران کے ساتھ میٹنگ میں وہ مخاطب تھے۔

***** ***** *****

عثمان آباد انتخابی حلقے میں کل بیداری رائے دہندگان ریلی اور انسانی زنجیر بنا کر اہل شہریوں کو ووٹ دینے کا پیغام دیا گیا۔ اِس بیداری مہم کے دوران شہریوں کو رائے دہی کا حلف دلا کر اور وال پینٹنگز تیار کر کے جمہوریت کو مستحکم کرنے کے لیے ہر حال میں رائے دہی کرنے کی ترغیب دی گئی۔

***** ***** *****

چھترپتی سنبھاجی نگر ضلعے میں مجموعی طور پر ایک ہزار 384 رمعذور اور 85 ربرس سے زیادہ عمر کے معمر رائے دہندگان نے گھر سے ہی رائے دہی کرنے کا متبادل اپنایا ہے۔ اِن میں 685 ررائے دہندگان سلوڑ ، پھلمبری اور پیٹھن تعلقے کے ہیں اور یہ رائے دہندے جالنہ پارلیمانی حلقے کے لیے رائے دہی کریں گے۔ جبکہ بقیہ 699 ررائے دہندگان اورنگ آباد پارلیمانی حلقہ انتخاب کے لیے رائے دہی کرنے کی اطلاع ضلع اطلاعات ونشریات دفتر نے دی ہے۔

***** ***** *****

پارلیمانی انتخابات کے تحت کل ہونے والے انتخابات کے لیے ہنگولی ضلع انتظامیہ نے تمام تر تیاریں مکمل کر لی ہیں۔ درجہ حرارت میں اضافے کے پیش نظر رائے دہی مراکز پر رائے دہندگان کے لیے مختلف سہولیات فراہم کی گئی ہیں۔ لہذا سبھی ووٹروں سے اپنا حق رائے دہی ادا کرنے کی اپیل ضلع کلکٹر جتندر پاپڑکر نے کی ہے۔

***** ***** *****

ناندیڑ ضلع انتظامیہ بھی لوک سبھا انتخاب کے لیے پوری طرح تیار ہو چکا ہے اور سبھی رائے دہی مراکز پر پینے کے پانی ' ضرورت کے مطابق کولر اور رائے دہندگان کی قطاروں کی صورت میں انھیں ٹھہرنے کے لیے علیحدہ کمرہ کا انتظام کیا گیا ہے۔ معذور رائے دہندگان کے لیے وہیل چیئر اور ریمپ کی سہولت فراہم کرنے کی اطلاع بھی ضلع کلکٹر ابھیجت راؤت نے دی ہے۔

***** ***** *****

پربھنی پارلیمانی حلقے سے مہا وِکاس آگھاڑی کے امیدوار سنجئے جادھو نے الزام عائد کیا ہے کہ اِس انتخابی حلقے میں اب تک پول چٹ تقسیم نہیں کیے گئے ہیں۔ ضلع کلکٹر اور ضلع انتخابی افسر رگھوناتھ گاوَڑے سے ملاقات کر کے انھوں نے وضاحت کی کہ جن علاقو میں سے انھیں ووٹ مل سکتے ہیں اُن ہی علاقوں میں رائے دہندگان کو پولنگ چٹس فراہم نہیں کی گئی ہیں۔

***** ***** *****

چھترپتی سنبھاجی نگر علاقے میں کل ہلکی بارش ہوئی۔ جس کے باعث ماحول میں تبدیلی آگئی اور درجہ حرارت میں قدرے کمی آئی۔

***** ***** *****

آ خر میں اہم خبروں کی سرخیاں ایک مرتبہ پھر سن لیجیے ...

☆ پارلیمانی انتخابات کے دوسرے مرحلے کی تشہیر کا زور ختم ، کل رائے دہی

☆ چوتھے مرحلے میں ہونے والے انتخاب کے لیے پر چہ نامزدگی داخل کرنے کا آج آخری دن' اورنگ آباد لوک سبھا حلقے سے ایم آئی ایم کے سید امتیاز جلیل ، جالنہ حلقے سے مہا وکاس آگھاڑی کے کلیان کاڑے اور بیڑ حلقے سے مہا یوتی کی امیدوار پنکجا منڈے کے کاغذاتِ نامزدگی داخل

☆ الیکٹرانک ووٹنگ مشینوں کی بجائے دوبارہ بیلیٹ پیپر کے استعمال سے عدالتِ عظمیٰ کا انکار

☆ آن لائن اور موبائل بینکنگ کے ذریعے نئے گاہک نہ بنانے کی ریزرو بینک کی کوٹک مہندرا بینک کو ہدایت

اور

☆ اِس بار کا لتا دینا ناتھ منگیشکر ایوارڈ معروف اداکارا میتا بھ بچن کو تفویض

علاقائی خبریں ختم ہوئیں

آپ یہ خبر نامہ ہمارے یوٹیوب چینل AIR چھترپتی سنبھا جی نگر پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں ۔

☆☆☆